# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 17 مئی، 2017

فیڈرل الیکشن اکیڈیمی میں زیر تربیت الیکشن کمیشن کے چاروں صوبوں سے تعلق رکھنے والے 28 افسران نے آج نادرا کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا۔ جس میں ان افسران کو نادرا نے کمپیوٹرائزڈ ووٹرز لسٹ کے جاری کام پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ان افسران کو بتایا گیا کہ عنقریب کمپیوٹرائزڈ ووٹر لسٹ کا نظام الیکشن کمیشن کے چاروں صوبائی دفاتر اور اس کے بعد بتدریج پاکستان کے تمام ضلعوں میں پھیلا دیا جائے گا۔ اس سے آنے والے انتخابات 2018ء کے لئے عوام کو اپنے ووٹ کی رجسٹریشن میں سہولت میسر آئے گی۔ زیر تربیت افسران 42 دن پر محیط ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں۔ جس میں ان کو حلقہ بندی، ووٹر لسٹ، سینٹ الیکشن، عام انتخابات، بلدیاتی انتخابات سمیت بہت سے اہم انتخابی موضوعات اور قوانین پر تربیت دی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی سیکرٹری ٹریننگ سعید گل نے بتایا کہ رمضان کے بعد اس سلسلے میں چھٹی ٹریننگ کے لئے بھی تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ اور تربیت حاصل کرنے والے افسران کا انتخابات چاروں صوبوں اور فاٹا سے کر لیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ٹریننگ کا یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔ اور اس کے اگلے مرحلے میں پولنگ اسٹاف کی تربیت کا مرحلہ شروع کیا جائے گا۔ جس میں پورے پاکستان سے تقریباً 7 لاکھ پولنگ اسٹاف کو مرحلہ وار جامع تربیت دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆